ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز: پاکستان شاہینز نے اے سی کامیٹس کو نو وکٹوں سے ہرا دیا

ڈارون (آسٹریلیا) 31 جولائی، 2023:

ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں پاکستان شاہینز نے اے سی ٹی کامیٹس کے خلاف میچ نو وکٹوں سے جیت لیا۔

اس سے قبل اتوار کے روز ناردرن ٹیریٹری اسٹرائیک نے پاکستان شاہینز کو 59 رنز سے ہرا دیا تھا۔

ڈارون کے ڈی ایکس سی ایرینا میں کھیلے گئے پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر اے سی کامیٹس کو پہلے بیٹنگ دی جس نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 122 رنز بنائے۔

پاکستان شاہینز کی عمدہ بولنگ اور فیلڈنگ کی وجہ سے کامیٹس کے بیٹرز بڑا اسکور کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ کامیٹس کے تین بیٹرز رن آؤٹ ہوئے۔

جواب میں پاکستان شاہینز نے مطلوبہ اسکور 16 ویں اوور میں ایک وکٹ پر پورا کرلیا۔

اے سی کامیٹس کی اننگز کی پہلی ہی گیند پر سجاد علی نے ایرک بیل کو ایل بی ڈبلیو کردیا۔

زیک کیو اور نکولس بروس نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 57 رنز کا اضافہ کیا۔

زیک کیو 23 رنز بنا کر فیصل اکرم کی گیند پر شامل حسین کے ہاتھوں کیچ ہو گئے۔

نکولس بروس نے 37 رنز کی اننگز کھیلی انہیں بھی فیصل اکرم نے شامل حسین کے ہاتھوں کیچ کرادیا۔
پاکستان شاہینز کی طرف سے فیصل اکرم نے چار اوورز میں 22 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز نے 122 رنز کے ہدف کا تعاقب شامل حسین اور باسط علی کے ذریعے پر اعتماد انداز میں کیا۔

دونوں نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 66 رنز بنائے۔ باسط علی 28 رنز بنا کر دسویں اوور میں آوٹ ہو گئے۔

اس موقع پر شامل حسین اور کپتان روحیل نذیر نے دوسری وکٹ کے لیے ناقابل شکست 59 رنز بنائے اور ٹیم کو نو وکٹوں سے کامیابی دلوائی۔

شامل حسین نے 44 گیندوں پر 57 رنز بنائے جس میں نو چوکے شامل تھے۔ روحیل نذیر نے 39 رنز 21 گیندوں پر بنائے جس میں چار چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

پاکستان شاہینز اپنا تیسرا میچ منگل کے روز میلبرن رینی گیڈز کے خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

اے سی ٹی کامیٹس 121 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) نکولس بروس 37۔ زیک کیو 23۔ فیصل اکرم 22/2 وکٹ۔

پاکستان شاہینز 125 رنز ایک کھلاڑی آؤٹ (15.2 اوورز)

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia